19.06.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

Music

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار میں نالندہ یونیورسٹی کے نئے کیمپس کا افتتاح کیا اور کہا کہ یونیورسٹی کو نئی شکل میں بحال کرنے سے ابھرتے ہوئے بھارت کی صلاحیت اور طاقت کی عکاسی ہوتی ہے۔

☆ قومی راجدھانی دلّی میں پانی کا بحران بدستور جاری ہے۔

☆ آسام کے کئی ضلعوں میں لگاتار بارش ہونے سے روزمرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں بنگلورو میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ کھیلا جا رہا ہے۔

-----------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rev PM Bihar Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بہار میں راج گیر کے مقام پر نالندہ یونیورسٹی کے نئے کیمپس کا افتتاح کیا ۔ جناب مودی نے وہاں نصب کی گئی ایک تختی کی نقاب کشائی بھی کی اور ایک پودا لگایا ۔ بھارت کے آثارِ قدیمہ کے پٹنہ سرکل کے نگراں ماہرِ آثارِ قدیمہ گوتمی بھٹاّ چاریہ نے وزیر اعظم کو قدیم کھنڈرات کے بارے میں جانکاری دی۔
وزیر اعظم نے راج گیر میں نالندہ یونیورسٹی میں سشما سوراج آڈیٹوریم میں طلباء اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو 2047 تک ترقی یافتہ ملک بنانے میں علم اور جانکاری کا اہم رول رہے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اپنے تعلیمی اور علمی نظام کو مستحکم بناکر سُپر پاور کی پوزیشن حاصل کرسکتا ہے۔
انہوں نے کہا کہ نالندہ یونیورسٹی کو نئی شکل میں بحال کرنے سے ابھرتے ہوئے بھارت کی صلاحیت اور طاقت کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کی سرکار اپنی قدیم روایات کی اقدار کی پیروی کرتے ہوئے کام کررہی ہے۔ اِس طرح ہم ترقی اور ماحولیات کے تحفظ دونوں کو ساتھ ساتھ فروغ دے رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بین الاقوامی شمسی اتحاد بھی اسی

طرح کا ایک قدم ہے ۔
نالندہ کے اپنے دورے سے پہلے جناب مودی نے سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ تحریر کیا کہ یہ ہمارے تعلیمی شعبے کیلئے بہت خاص دن ہے۔ ہمارے شاندار ماضی کے ساتھ نالندہ کا ایک مضبوط رشتہ رہا ہے اور نوجوانوں کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے میں یہ یونیورسٹی بہت مددگار ثابت ہوگی۔
نالندہ یونیورسٹی کے نئے کیمپس میں کئی سرکردہ لوگ موجود تھے ۔ اِن میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر ، بہار کے گورنر راجندر آرلیکر ، وزیر اعلیٰ نتیش کمار ، نائب وزراء اعلیٰ سَمراٹ چودھری اور وِجے سنہا نیز دیگر مندوبین شامل ہیں ۔ 17 ملکوں کے سفیروں نے بھی اِس تقریب میں شرکت کی۔
قدیم نالندہ کے کھنڈرات ایک خانقاہی اور علمی ادارے کے آثارِ قدیمہ کے باقیات پر مشتمل ہیں۔

L Murugan

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا ہے کہ لگاتار تاریخی تیسری مدت کیلئے وزیر اعظم کو حلف دلائے جانے سے حکومت نے یہ ثابت کردیا ہے کہ وہ کسانوں ، خواتین ، نوجوانوں اور غریبوں کے فائدے کیلئے کام کررہی ہے۔
Tiruvannamalai میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ، وزیر موصوف نے کہا کہ یہ بہت خوش آئند بات ہے کہ مودی سرکار کی تیسری مدت کے دوران پہلی اسکیم کے تحت پردھان منتری کسان سمّان نِدھی کی 17 ویں قسط جاری کی گئی ہے۔
جناب مروگن نے یقین دلایا کہ اِس رقم سے کسانوں کو زراعت کیلئے اپنے اخراجات کا بندوبست کرنے میں مدد ملے گی۔
انہوں نے زور دے کر کہا کہ مذکورہ اسکیم کے تحت رقم ملنے سے کسان پرائیویٹ قرضہ دینے والوں سے قرض لینے سے گریز کرسکیں گے۔

Rev Delhi Water Crisis

قومی راجدھانی دلّی میں پانی کا بحران بدستور جاری ہے۔ شہر میں ٹینکر کے ذریعے پانی تقسیم کرنے کے مقامات پر لوگوں کی لمبی لمبی قطاریں دیکھی جارہی ہیں۔ کئی علاقوں میں اب بھی پانی کی شدید قلت ہے۔ اِن میں سنگم وِہار ، مہرولی ، وسنت وِہار ، اوکھلا ، وسنت کنج ، چانکیہ پوری ، نریلا ، روہنی ، اُتّم نگر ، جنک پوری ، وِکاس پوری ، موتی نگر ، پٹیل نگر ، چھتر پور ، کراول نگر ، مکھرجی نگر ، گیتا کالونی ، کرشنا نگر اور شاہدرہ شامل ہیں۔
اِس صورتحال کی وجہ سے پورے شہر میں بڑے پیمانے پر احتجاج اور مظاہرے ہوئے ہیں اور سیاسی ٹکراؤ کی کیفیت بھی پیدا ہوئی ہے۔
پانی کی قلت سے NDMC علاقہ بھی متاثر ہوا ہے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، NDMC کے وائس چیئرپرسن ستیش اپادھیائے نے دلّی سرکار پر ٹینکر مافیا اور ٹینڈر مافیا کو تحفظ دینے اور بدعنوانی میں ملوث ہونے کا الزام لگایا۔ انہوں نے لوگوں اور متعلقہ انجمنوں پر زور دیا کہ وہ پانی کا استعمال مناسب انداز سے کریں۔
دوسری طرف دلّی سرکار نے یہ الزام لگایا ہے کہ ہریانہ کی BJP سرکار سیاسی سازش کے تحت دلّی کی پانی کی سپلائی روک رہی ہے۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ، دلّی سرکار کی پانی کے محکمے کی وزیر آتشی نے بتایا کہ انہوں نے وزیر اعظم کو ایک مراسلہ بھیجا ہے ، جس میں اُن سے یہ معاملہ حل کرنے کیلئے فوری طور سے مداخلت کرنے کی درخواست کی گئی

ہے۔

**PM Yoga Video**

جمعہ کو یوگ کے 10 ویں بین الاقوامی دن سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو کلپ شیئر کی ہے، جس میں Shashankasana کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ مذکورہ کلپ میں اِس آسن کو کرنے کے فائدے بیان کئے گئے ہیں اور تفصیل سے یہ آسن کرنے کے طور طریقے بتائے گئے ہیں۔

اِس میں یہ اجاگر کیا گیا ہے کہ Shashankasana کرنے سے قبض دور کرنے ، کمر کی تکلیف اور تناؤ اور غصے کی کیفیت کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔ زیادہ بلڈ پریشر اور Arthritis میں مبتلا مریضوں کو یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ یہ آسن کرتے وقت احتیاط برتیں یا اِسے نہ کریں۔

**Assam Floods**

آسام کے کئی ضلعوں میں لگاتار بارش ہونے سے زندگی کے معمولات درہم برہم ہوکر رہ گئے ہیں۔ 15 ضلعوں میں ایک لاکھ 60 ہزار سے زیادہ لوگوں پر سیلاب کا اثر پڑا ہے۔ کل رات کریم گنج ضلع میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے پانچ افراد کی موت ہوگئی ۔ کریم گنج ضلع میں سبھی اسکول آج اور کل بند رہیں گے۔ اِدھر گوہاٹی شہر میں کئی مقامات پر پانی بھرجانے کی اطلاع ملی ہے ۔ سیلاب سے متاثرہ کئی ضلعوں میں سڑک رابطوں میں خلل پڑ گیا ہے۔

**Kiran Choudhry Join BJP**

ہریانہ میں اسمبلی انتخابات سے قبل ہریانہ کانگریس کی سابق لیڈر کرن چودھری اور اُن کی بیٹی Shruti چودھری BJP میں شامل ہوگئی ہیں۔ انہیں آج نئی دلّی میں ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی ، ممبر پارلیمنٹ منوہر لال کھٹر اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں کی موجودگی میں BJP میں شامل کیا گیا۔

پارٹی میں شامل ہونے کے بعد محترمہ کرن چودھری نے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے کئے گئے عوامی بہبود کے اقدامات کی ستائش کی ۔ انہوں نے BJP کے پرچم تلے ہریانہ اور اُس کے عوام کی بہبود کیلئے کام کرنے کے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

**TN - Sagar Kavach**

تمل ناڈو میں کوسٹ گارڈ سبھی بحری سکیورٹی ایجنسیوں کی ایک مشق ساگر کَوَچ کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ مشقیں دو دن جاری رہیں گی۔ اِس میں بھارتی بحریہ ، میرین پولیس، ماہی پروری کا محکمہ ، کسٹمز اور دیگر سکیورٹی ایجنسیاں مل کر تال میل قائم کریں گی اور کل تک مشقوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اِس میں ماہی پروری سے وابستہ برادریوں کو بھی شامل کیا جائے گا۔ ملک میں ساحلی سکیورٹی کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے یہ ایک باضابطہ عمل ہے ۔ اِس کے ساتھ ساتھ ساحلی علاقوں میں کسی بھی درانداز کی نقل و حرکت کے بارے میں اہم جانکاری ایک دوسرے کو فراہم کرنے کیلئے بھی یہ مددگار ثابت ہوگا۔

**Ladakh - Reservation**

لداخ میں ریٹائرڈ جسٹس بنسی لال بھٹ کی صدارت میں حقیقی کنٹرول لائن کے نزدیک رہنے والے لوگوں کیلئے ریزرویشن سے

متعلق یک نفری کمیشن نے متعلقہ لوگوں سے دعوے ، عرضداشتیں اور سفارشات قبول کرنے کی آخری تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کردی ہے۔ اب تین جولائی تک اِنہیں قبول کیا جائے گا۔

عام انتخابات میں مصروف ہونے کی وجہ سے عرضداشتیں یا حلف نامے تیار کرنے میں تاخیر ہونے کا حوالہ دیتے ہوئے ، متعلقہ اداروں نے اِس میں توسیع کی درخواست کی تھی۔ مختلف حلقوں کی عرضداشتوں کا جائزہ لینے کے بعد متعلقہ کمیشن لوگوں کی رائے اور اُن کے خیالات سے آگاہی حاصل کرنے کیلئے متعلقہ علاقوں کا دورہ کرے گا۔

مرکز کے زیرِ انتظام علاقے لداخ نے یہ یک نفری کمیشن تشکیل دیا تھا ۔ اِس کا مقصد بھارت - چین سرحد پر حقیقی کنٹرول لائن اور بھارت - پاکستان سرحد کے نزدیک رہنے والے لوگوں کیلئے ریزرویشن سے متعلق معاملات کا جائزہ لینا اور اُن علاقوں کی نشاندہی کرنا ہے ، جنہیں جموں و کشمیر ریزرویشن ایکٹ 2004 اور متعلقہ ضابطوں کے تحت ریزرویشن کیلئے حقیقی کنٹرول لائن سے ملحقہ علاقے نامزد کیا جانا ہے۔

**Iran-Earthquake**

ایران کے شمال مشرقی صوبے Khorasan Razavi کی Kashmar County میں پانچ شدت کے زلزلے میں کم از کم چار افراد ہلاک اور 120 سے زیادہ دیگر زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں سے 35 افراد کو اسپتال میں داخل کرایا گیا، جبکہ بقیہ کو علاج ومعالجے کے بعد اسپتال سے چھٹی دے دی گئی۔ Kashmar کے گورنر حجت اللہ شریعت مداری کے مطابق دو افراد بلڈنگ کے چھجے گرنے کے سبب ہلاک ہوگئے، جبکہ دو ایک عمارت کے ڈھہ جانے میں دب کر مر گئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بچاؤ اور راحت تنظیموں کو الرٹ کردیا گیا ہے۔ یہ زلزلہ مقامی وقت کے مطابق ایک بجکر 24 منٹ پر آیا، جس کی گہرائی 6 کلو میٹر تھی اور اِس سے مختلف عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔

**US-Delegation Meet**

امریکی ایوان کی سابق اسپیکر Nancy Pelosi اور ایوان کے خارجی امور کمیٹی کے سابق چیئرمین Michael McCaul سمیت ایک امریکی وفد نے ہماچل پردیش کے Mcleodganj میں تبتی مذہبی رہنما دلائی لامہ سے آج اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ دلائی لامہ سے ملاقات کے بعد امریکی وفد نے جلاوطنی میں کام کرنے والی تبتی سرکار کی جانب سے دلائی لامہ مندر میں منعقدہ ایک ثقافتی پروگرام میں شرکت کی۔ اِس موقع پر امریکی ایوان کی سابق اسپیکر Nancy Pelosi نے کہا کہ امریکی صدر جوبائیڈن تبت تنازع کے حل کی خاطر چین پر زور ڈالنے کے لیے جلد ہی ایک بل پر دستخط کریں گے۔ یہ سات رکنی امریکی وفد تقریباً دو دن کے لیے دھرمشالہ میں رہے گا۔

**Womens Cricket-2nd ODI**

کرکٹ میں تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے تحت دوسرے میچ میں خواتین کی بھارتی ٹیم کا آج بنگلورو کے ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ سے مقابلہ ہورہا ہے۔